# بلوچستان صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ

بروز جمعہ مورخہ 26 ستمبر 2025ء بوقت دوپہر 3:00 بجے منعقد ہونے والے بلوچستان صوبائی اسمبلی کے اجلاس کی

## ترتیب کارروائی

1) **تلاوت قرآن پاک و ترجمہ**

2) **وقفہ سوالات**

علیحدہ فہرست میں مندرج محکمہ خزانہ اور محکمہ معدنیات سے متعلق سوالات دریافت اور ان کے جوابات دیئے جائینگے۔

3) **توجہ دلاؤ نوٹس**

**مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ، رکن بلوچستان صوبائی اسمبلی**

وزیر برائے محکمہ ماہی گیری کی توجہ ایک اہم مسئلہ کی جانب مبذول کروائینگے کہ فش ہاربر پسنی گذشتہ کئی سالوں سے مٹی تلے دب چکا ہے۔ متعدد بار اس پر کروڑوں روپے کے اخراجات کئے گئے ہیں۔ اس کے علاوہ جاپانی گرانٹ کے ذریعے بھی بحالی کی کوشش کی گئی لیکن کامیاب نہیں ہوسکا۔ چونکہ فش ہاربر پسنی ایک معاشی حب ہے اور وہاں ہزاروں لوگ کام کرتے ہیں لیکن آج کھنڈرات کا منظر پیش کر رہا ہے۔ جس کی وجہ سے ماہی گیر شدید پریشانی میں مبتلا ہیں۔ لہٰذا حکومت کی جانب سے فش ہاربر پسنی کی بحالی کی بابت کیا اقدامات اٹھائے جارہے ہیں۔ تفصیل فراہم کی جائے۔

4) **غیر سرکاری قراردادیں**

**قرارداد نمبر 59 منجانب:۔ میر زابد علی ریکی، رکن صوبائی اسمبلی** (مورخہ 12 ستمبر 2025 کی نشست میں موخر شدہ)

ہرگاہ کہ یہ مسلمہ حقیقت ہے کہ بلوچستان رقبہ کے لحاظ سے پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ ہے۔ جس میں آمدورفت کے لئے پختہ شاہراہیں نہ ہونے کے برابر ہے۔ جس کی وجہ سے علاقے کے لوگوں کو آمدورفت کی بابت سخت مشکلات کا سامنا ہے۔ واضح رہے کہ وفاقی حکومت کی جانب سے بلوچستان کو ترقی کے حوالے سے ہمیشہ نظر انداز کیا گیا ہے۔ اور اسکے علاوہ جو ترقیاتی منصوبے بلوچستان میں شروع کیے گئے ہیں وہ تمام منصوبے انتہائی سست روی کا شکار ہیں۔ جن میں نوکنڈی تا ماشکیل روڈ۔ جو کہ 102 کلومیٹر پر مشتمل ہے جسے وفاقی حکومت نے سال 2020 میں شروع کیا اور پانچ سال کا عرصہ گزرنے کے باوجود مذکورہ روڈ پر کام کی رفتار سست روی کا شکار ہے اور تاحال پایہ تکمیل کو نہیں پہنچا ہے۔

لہٰذا یہ ایوان صوبائی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ وہ وفاقی حکومت سے رجوع کرے کہ نوکنڈی تا ماشکیل 102 کلومیٹر روڈ کی تعمیر کو جلد مکمل کرنے کو یقینی بنائے تاکہ بلوچستان کے عوام کو آمد و رفت کی بابت درپیش مشکلات کا ازالہ ممکن ہوسکے۔

**قرارداد نمبر 60 منجانب:۔ محترمہ شاہدہ روف، رکن صوبائی اسمبلی** (مورخہ 12 ستمبر 2025 کی نشست میں موخر شدہ)

ہرگاہ کہ بلوچستان ریونیو ایکٹ 1967 جو کہ بہت پرانا ہو چکا ہے اور موجودہ دور کے تقاضوں پر پورا نہیں اترتا ہے۔ یہ قانون نوآبادیاتی دور کے پرانے نظام پر مبنی ہے جہاں پٹوار اور ریونیو آفسران کے لامحدود اختیارات عوامی مشکلات، بدامنی اور زمینوں کے تنازعات کا باعث بنتے ہیں۔ جبکہ اس کے برعکس ملک کے دیگر صوبوں نے اپنے تمام لینڈ ریکارڈ کو Digitalize کر کے عوام کو شفافیت، آسانی اور انصاف فراہم کر رہے ہیں۔

لہٰذا یہ ایوان صوبائی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ بلوچستان لینڈ ریونیو ایکٹ 1967ء کا جامع جائزہ لیا جائے اور اس میں دور حاضر کے تقاضوں کے مطابق اصلاحات متعارف کروائی جائیں۔ اور "بلوچستان لینڈ ریکارڈ اینڈ مینجمنٹ اتھارٹی" کے نام سے ایک نیا قانون بنایا جائے۔ تاکہ ایک مستقل، بااختیار، اور پیشہ ورانہ اتھارٹی قائم کی جاسکے۔ جس میں عوام کو آن لائن رسائی فراہم ہو اور فرد انتقالات (Mutation) با آسانی دستیاب ہوں۔

(جاری صفحہ۔۔2)

CamScanner

**قرارداد نمبر 61 منجانب:۔مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ، رکن صوبائی اسمبلی** **(مورخہ 12 ستمبر 2025 کی نشست میں موخرشدہ)**

ہرگاہ کہ گوادر جو کہ ایک انٹرنیشنل شہر کا شکل اختیار کر چکا ہے۔ گوادر پورٹ سے شہر کی اہمیت مسلمہ ہے اسی لئے گوادر کو سی پیک کے ماتھے کا جھومر کہا جاتا ہے۔لیکن افسوس کی بات ہے کہ گوادر میں گذشتہ کئی سالوں سے اربوں روپے خرچ ہونے کے باوجود گوادر کے باسی بنیادی سہولیات سے محروم ہیں واضح رہے کہ گذشتہ کئی سالوں سے 18 ارب روپے کے قریب پانی پر اخراجات کے باوجود پانی کی فراہمی کا کوئی مستقل حل تلاش نہیں کیا گیا ہے۔ لہذا یہ ایوان صوبائی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ ضلع گوادر کے عوام کو میرانی ڈیم سے پانی فراہم کیا جائے۔ تاکہ گوادر کے عوام پانی جیسی نعمت کے لئے مزید پریشان نہ ہوں۔

**مشترکہ قرارداد نمبر 63 منجانب:۔میر یونس عزیز زہری، قائد حزب اختلاف، میر رحمت صالح بلوچ، انجینئر زمرک خان اچکزئی، مولانا ہدایت الرحمٰن، میر جہانزیب مینگل، جناب خیر جان بلوچ، میر غلام دستگیر بادینی اور جناب فضل قادر مندوخیل اراکین بلوچستان صوبائی اسمبلی۔**

ہرگاہ کہ حال ہی میں بلوچستان صوبائی اسمبلی سے پہلی دفعہ بلوچستان مائنز اینڈ منرل ایکٹ اسمبلی سے پاس ہوا جس پر کئی سیاسی جماعتوں کے اعتراضات اور خدشات سامنے آئے۔جن کو مدنظر رکھ کر یہ ایوان صوبائی حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ بلوچستان مائنز اینڈ منرل ایکٹ کا ازسرنو جائزہ لیا جائے اور اس بابت تمام خدشات دور کیے جائیں۔

**کوئٹہ**

**مورخہ 24 ستمبر 2025ء**

**طاہر شاہ کاکڑ**

**سیکرٹری**

# بلوچستان صوبائی اسمبلی

بروز جمعہ مورخہ 26 ستمبر 2025ء

نشان زدہ سوالات اور انکے جوابات

(1) محکمہ خزانہ (2) محکمہ معدنیات

☆43 میر زابد علی ریکی رُکن اسمبلی — نوٹس موصول ہونے کی تاریخ 11 جولائی 2024

کیا وزیر خزانہ ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔

سال 2024.2025 کے بجٹ میں ضلع واشک کیلئے محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن میں گریڈ 1 تا گریڈ 15 کی کل کتنی آسامیاں تخلیق کی گئی ہے تفصیل دی جائے نیز ضلع خاران اور ضلع ڈیرہ بگٹی کیلئے محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن میں کل کتنی آسامیاں تخلیق کی گئی آسامی کا نام اور گریڈ وائز کی مکمل تفصیل بھی دی جائے۔

وزیر خزانہ — جواب موصول ہونے کی تاریخ 23 اگست 2024

واشک، خاران اور ڈیرہ بگٹی اضلاع میں سال 2024.2025 میں مختلف آسامیوں کی SNE کی تفصیلات۔

| محکمہ | واشک | خاران | ڈیرہ بگٹی |
|---|---|---|---|
| ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن | 0 | 07 | 0 |

☆44 میر زابد علی ریکی رُکن اسمبلی — نوٹس موصول ہونے کی تاریخ 11 جولائی 2024

کیا وزیر خزانہ ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔

سال 2024.2025 کے بجٹ میں ضلع واشک کیلئے محکمہ داخلہ میں گریڈ 1 تا گریڈ 15 کی کل کتنی آسامیاں تخلیق کی گئی ہے تفصیل دی جائے نیز ضلع خاران اور ضلع ڈیرہ بگٹی کیلئے محکمہ داخلہ وقبائلی امور میں کل کتنی آسامیاں تخلیق کی گئی آسامی کا نام اور گریڈ وائز کی مکمل تفصیل بھی دی جائے۔

وزیر خزانہ — جواب موصول ہونے کی تاریخ 23 اگست 2024

واشک، خاران اور ڈیرہ بگٹی اضلاع میں سال 2024.2025 میں مختلف آسامیوں کی SNE کی تفصیلات۔

| ڈیرہ بگٹی | خاران | واشک | محکمہ |
|---|---|---|---|
| 150 | 58 | 0 | داخلہ |

☆45 میر زابد علی ریکی رُکن اسمبلی

نوٹس موصول ہونے کی تاریخ 11 جولائی 2024

کیا وزیر خزانہ ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔

سال 2024.2025 کے بجٹ میں ضلع واشک کیلئے محکمہ انرجی میں گریڈ 1 تا گریڈ 15 کی کل کتنی آسامیاں تخلیق کی گئی ہے تفصیل دی جائے نیز ضلع خاران اور ضلع ڈیرہ بگٹی کیلئے محکمہ انرجی میں کل کتنی آسامیاں تخلیق کی گئی آسامی کا نام اور گریڈ وائز کی مکمل تفصیل بھی دی جائے۔

وزیر خزانہ

جواب موصول ہونے کی تاریخ 23 اگست 2024

واشک، خاران اور ڈیرہ بگٹی اضلاع میں سال 2024.2025 میں مختلف آسامیوں کی SNE کی تفصیلات۔

| ڈیرہ بگٹی | خاران | واشک | محکمہ |
|---|---|---|---|
| 0 | 06 | 0 | انرجی |

☆46 میر زابد علی ریکی رُکن اسمبلی

نوٹس موصول ہونے کی تاریخ 11 جولائی 2024

کیا وزیر خزانہ ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔

سال 2024.2025 کے بجٹ میں ضلع واشک کیلئے محکمہ آبپاشی میں گریڈ 1 تا گریڈ 15 کی کل کتنی آسامیاں تخلیق کی گئی ہے تفصیل دی جائے نیز ضلع خاران اور ضلع ڈیرہ بگٹی کیلئے محکمہ آبپاشی میں کل کتنی آسامیاں تخلیق کی گئی آسامی کا نام اور گریڈ وائز کی مکمل تفصیل بھی دی جائے۔

وزیر خزانہ

جواب موصول ہونے کی تاریخ 23 اگست 2024

واشک، خاران اور ڈیرہ بگٹی اضلاع میں سال 2024.2025 میں مختلف آسامیوں کی SNE کی تفصیلات۔

| ڈیرہ بگٹی | خاران | واشک | محکمہ |
|---|---|---|---|
| 0 | 09 | 0 | آبپاشی |

CamScanner

## ☆236 جناب رحمت صالح بلوچ رُکن اسمبلی

نوٹس موصول ہونے کی تاریخ 25 مارچ 2025

کیا وزیر خزانہ ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔

سال 2024.2025 کے بجٹ میں (LCF) لوکل کونسل فنڈز (Grand in Aid For Local Council) کیلئے کل کسقدر رقم مختص کیئے گئے ہیں اگر جواب اثبات میں ہے تو مختص کردہ رقم کس طریقہ کار کے تحت تقسیم کیا جاتا ہے تفصیل دی جائے نیز کل کتنے ضلعی کونسلز کو رقم دی گئی ہے یہ رقم / فنڈز تقسیم کرنے کا اختیار کس ادارے کو دی گئی ہے کی ضلع وار مکمل تفصیل بھی دی جائے ۔

## وزیر خزانہ

جواب موصول ہونے کی تاریخ 14 مئی 2025

رواں مالی سال 2024.2025 کیلئے 35 ارب روپے کا تخمینہ مختص کیا گیا ہے مختص کردہ فنڈز کی تقسیم اور ترسیل بلوچستان لوکل گورنمنٹ ترمیم شدہ ایکٹ 2022 کی شق نمبر 121 کے تحت محکمہ لوکل گورنمنٹ اور بلوچستان لوکل گورنمنٹ بورڈ صوبہ میں قائم کردہ لوکل کونسلز کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے اپنی گزراشات لوکل کونسل فنانس کمیشن کی ہر منعقد کی جانے والی میٹنگ میں پیش کرتا ہے متعلقہ کمیشن Local Council Finance Commission(LCFC) اپنی تجویز مرتب کرتا ہے بعدازاں محکمہ لوکل گورنمنٹ باضابطہ طور پر اور LCFC کی تجویز کے عین مطابق سمری تیار کر کے عزت مآب وزیر اعلیٰ صاحب کی منظوری کیلئے ارسال کرتا ہے تمام قواعد وضوابط کی تکمیل اور اعلیٰ حکام کی منظوری کے مطابق بلوچستان لوکل گورنمنٹ بورڈ فنڈز کے اجرا / ریلیز کیلئے اپنی گزارشات وقتاً فوقتاً ارسال کرتا رہتا ہے محکمہ مالیات بلوچستان لوکل گورنمنٹ بورڈ کی ڈیمانڈ پر فنڈز کا اجرا کرتا ہے بلوچستان لوکل گورنمنٹ کی جانب سے موصول شدہ ضلع وار تفصیل ضخیم ہے لہذا اسمبلی لائبریری میں ملاحظہ فرمائیں علاوہ ازیں تحریر ہے کہ ضلعی اور تحصیل سطح پر قائم لوکل کونسلز محکمہ لوکل گورنمنٹ اور بلوچستان لوکل گورنمنٹ بورڈ کی جانب سے متعین کردہ عملہ کی سربراہی میں ریلیز کردہ فنڈز استعمال کرتے ہیں جسکی تفصیل محکمہ لوکل گورنمنٹ اور بلوچستان لوکل گورنمنٹ بورڈ سے تعلق رکھتی ہے۔

## ☆150 میر زابد علی ریکی رُکن اسمبلی

نوٹس موصول ہونے کی تاریخ 16 دسمبر 2024

کیا وزیر معدنیات ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔

سال 2018 تا 2024 کے دوران حکومت نے ضلع واشک، ضلع پشین، ضلع موسیٰ خیل، ضلع قلعہ سیف اللہ، ضلع قلعہ عبداللہ اور ضلع چمن سمیت صوبہ کے دیگر اضلاع میں پی پی ایل کمپنی کو الاٹمنٹ کیے ہیں اگر جواب اثبات میں ہے تو پی پی ایل کمپنی کو الاٹ کی گئی زمین کا رقبہ / ایکڑ کی مکمل ضلعوار تفصیل دی جائے۔

CamScanner

**وزیر معدنیات** **جواب موصول ہونے کی تاریخ 6 مارچ 2025**

حکومت بلوچستان کے محکمہ معدنیات و معدنی ترقی نے سال 2018 سے 2024 کے دوران پاکستان پیٹرولیم (پی پی ایل) کو کوئی معدنی لائسنس یا لیز جاری نہیں کی تاہم بولان مائننگ انٹر پرائزز جو پی پی ایل اور حکومت بلوچستان کا 50:50 کا مشترکہ منصوبہ ہے کو ضلع خضدار میں بیرائیٹ لیڈ اور زنک کیلئے ایک بڑے پیمانے پر کان کنی کی لیز دی گئی یہ مائننگ لیز 30 مربع کلومیٹر کے رقبے پر دی گئی ہے جہاں بولان مائننگ انٹر پرائزز نے پہلے کامیاب ایکسپلوریشن کی تھی مزید براں پچھلے سالوں کے دوران ضلع چاغی میں لوہے کیلئے دو معدنی لیز جو پی پی ایل کو دی گئی تھی ایک بارائٹ ڈسٹرکٹ خضدار میں بی ایم ای کو دی گئی تھی کی تفصیل آخر پر منسلک ہے۔

**☆176 مولوی نواللہ رُکن اسمبلی** **نوٹس موصول ہونے کی تاریخ 04 جنوری 2025**

کیا وزیر معدنیات از راہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔

سال 2018 سے تا حال ضلع قلعہ سیف اللہ ضلع ژوب ضلع زیارت ضلع شیرانی ضلع موسیٰ خیل ضلع پشین ضلع قلعہ عبداللہ ضلع کوئٹہ بشمول صوبہ کے دیگر اضلاع جہاں جہاں معدنیات پائے جاتے ہیں ان اضلاع میں کتنی زمینیں الاٹ کی گئی ہیں کی تفصیل دی جائے نیز زمین کا رقبہ الاٹیز کا نام بمعہ ولدیت، شناختی کارڈ نمبر، ایڈریس بمعہ فون نمبر کی بھی مکمل تفصیل دی جائے۔

**وزیر معدنیات** **جواب موصول ہونے کی تاریخ 02 اگست 2025**

جواب ضخیم ہے لہٰذا اسمبلی لائبریری میں ملاحظہ فرمائیں۔

کوئٹہ،

مورخہ 24 ستمبر 2025

طاہر شاہ کاکڑ،

سیکرٹری،

CamScanner

| Mining Lease No. | Name of Company | 150 | تفصیل کوائف | Location | Area Acres | Mineral | District | Date of Grant | Expiry |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ML-2 (4) | Pakistan Petroleum Ltd. (PPL), C/O Bolan Mining Enterprises (BME), Model Town, Quetta. | | | Mashki Chah | 2551.49 | Iron Ore | Chagai | 29-03-2007 | 31-12-2026 |
| ML-2 (5) | Pakistan Petroleum Ltd. (PPL), C/O Bolan Mining Enterprises (BME), Model Town, Quetta. | | | Pachin Koh | 2066.12 | Iron Ore | Chagai | 26-03-2007 | 31-12-2026 |
| ML-Barite(428) | M/S Bolan Nmining Enterprises (BME), Model Town, Quetta. | | | Khuzdar | 316 | Barite | Khuzdar | 30-11-1973 | 2911-2033 |